کدّو (کدو بزبان اردو) ک۔دو		ف	ایک سبزی۔ گھیا
کُدورت	کُ۔دُو۔رَت	ع	تیرگی مجازاً رنج و ملال
کرتب		ھ	کام' کمال' ہنر
کرِک	کِ۔رَک	ھ	پتھر کے باریک ٹکڑے
کرم کلّا	Karamkalla	ف	بند گوبھی Cabbage
کڑاھی		ھ	Frying Pan
کُڑک / کُڑُک		ار	وہ مرغی جس نے انڈے دینا بند کردئے ہوں
کسر	Kasr	ع	ٹوٹ' پھوٹ' ٹکڑا حصہ
کسر[2]	Kasar	ع	کمی' نقص
کسوٹی	کَ۔سَو۔ٹی	ھ	Touch Stone پر کھ جانچ
کشائش		ف	کشادگی
کفّارہ	کف۔فا۔رَہ	ع	گناہ کا عوض

---

[1] کہیں کھڑ کھڑ ہے پاندانوں کی ہے کتر بیونت اچھے پانوں کی (منیر)

[2] اب فلک در پئے آزار ہے کیوں۔ کیا کسر تم نے اٹھا رکھی ہے (تسلیم)

کُفرِستان	کُف۔رِس۔تان	ع اور ف کا مرکب	وہ مقام جہاں خدا کے منکر بستے ہیں
کلیجہ / کلیجا	Kaleja	ھ	جگر
کِلید / کَلید		ف	چابی۔کنجی
کَنارَہ	کَ۔نا۔رہ	ف	ساحل' کور
کُنجِشک	کُن۔جِشک	ف	چڑیا
کُنوارا	Kuvanra	ھ	Bachelor
کُنیَت	کُن۔یَت	ع	ماں باپ یا بیٹا بیٹی سے متعلق نام (جیسے ابو القاسم)
کِنیسَہ	Kineesa	ف	یہود و نصاریٰ کا معبد
کُنگُرہ	Kungura	ف	وہ گول سی چیز جو قلعوں اور دیواروں پر بناتے ہیں
کُوپَل	Kopal	ف	شگوفہ (اردو والوں نے اس کو کونپل کر لیا ہے فرہنگ آصفیہ)
کُوتھمیر		ھ	ہرا دھنیا
کُوچَک	Kochak	ف	چھوٹا
کُوفت	Koft	ف	صدمہ' دکھ
کُوفتہ	Kofta	ف	پسے ہوئے گوشت کا گول کباب
کُوکھ	Kokh	ھ	پیٹ' شکم
کُھرّا	کھر۔را	ھ	سخت Rough
کُہر	Kohr	ھ	وہ بخارات جو سردیوں میں دھند سی پیدا کرتے ہیں۔

کہرَام	Kohram	ھ	رونا، پیٹنا، واویلا
کھُردَرا		ھ	ناہموار
کھُسَر پھُسَر		ھ	کاناپھوسی، سرگوشی
کھِلاڑی	کھِ۔لا۔ڑی	ھ	کھیل کود میں مصروف رہنے والا
کھِلَونا	کھِ۔لو۔نا	ھ	بچوں کے کھیلنے کی چیز
کھویا/کھوا	Khoya	ھ	Condensed Milk
کیفرِ کردار		ف	کئے کا بدلہ
کیسری	Kesri	ھ	زعفرانی

گ

گاہک		ھ	خریدار
گپ چُپ		ھ	چپ چاپ
گُپت	Gupt	س	پوشیدہ
گُچھا	گُچھ۔چھا	ھ	خوشہ
گدَاگری	Gada Gari	ف	بھیک مانگنا
گڈمڈ		ھ	ملا جلا
گُرسنہ/گُرُسنہ [1]		ف	بھوکا
گرسنگی/گرُسنگی [2]		ف	بھوک

---

[1] شور چرخ سے لیتے گرسنہ کب کے اتار۔ ذرا بھی لگتی اگر قرص آفتاب میں سیخ (ظفرؔ)

[2] دیکھنے والوں کو بھولی طلبِ آب و غذا۔ پیاس کی ہے نہ انہیں گرسنگی کی پروا (امیرؔ)

گرفت	Garift	ف	پکڑ
گرفتار	Garifthar	ف	قیدی۔اسیر
گروِ[1]	گِ۔رَو	ف	رہن
گروہ	Guroh	ف	ٹولی' جماعت
گرہست		ھ	گھروالی' بیوی
گرہن	گِر۔ھَن	س	گہن
گریبان	Gireban	ف	گلے کے برابر رہنے والا پوشاک کا حصہ
گڑ		ھ	گنے کا جما ہوا رس شکر کا بدل
گزشتہ	گُ۔زَش۔تہ	ف	گزرا ہوا' بیتا ہوا
گزند	Gazand	ف	نقصان' تکلیف
گفتگو	گُفت۔گو	ف	بات چیت
گلا	Gala	ھ	حلق' آواز' گریباں
گلّا	Galla	ھ	Cash Box
گلّہ	گل۔لہَ	ف	جھنڈ۔غول
گلیم، گلیمی	Gileemi	ف	کمبل Wollen Cloth
گملا	Gamla	ھ	گلدان A flower pot
گنجلک / گنجلک[2]	Gunjlak/Gunjalak	ھ	الجھن Complication
گھسنا	Ghisna	ھ	رگڑنا
گھگیانا	Ghigyana	ھ	منت سماحت کرنا

---

[1] زندگی ہے گرو عشق بتاں۔رشتہ عمر ہے زنار ہمیں (رشک)

[2] گنجلک نہیں مٹی جو طبیعت میں پڑی ہے۔دل تجھ سے کسی طور سے دلبر نہیں ملتا (رند)

[3] غزل کہا کرواے بحر صاف صاف ایسی ۔ بشکل موج نہ شعروں میں گنجلک دیکھیں (بحر)

(اس طرح اساتذہ کے کلام میں دونوں کے لئے نظیر موجود ہے لیکن ازروئے نور اللغات اب بروزنِ فرصت ہی مستعمل ہے)

گہما گہمی	Gahma Gahmi	ھ	گرم بازاری، دھوم دھام
گھمسان	Ghamsan	ھ	لڑائی، جنگ
گہَن	Gahan	ھ	گرہن
گھناونا	گھِ۔ناؤنا	ھ	وہ جس سے گھن آئے
گھنٹا	Ghanta	ھ	Hour-Bell
گھنڈی		ھ	Button
گھنٹی	Ghanti	ھ	گھنٹا کی تانیث
گھورا	Ghoora	ھ	وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے
گھونسلا	Ghonsla	ھ	آشیانہ
گیتی	Geeti	ف	دنیا۔ سنسار

ل

لاڈ		ھ	پیار
لاڈلا	Ladla	ھ	پیارا، چہیتا
لاڈلی	Ladli	ھ	پیاری، چہیتی
لاغر	Laghar	ھ	دبلا، کمزور
لالچ	Lalach	ھ	حرص، طمع
لالچی	Lalchi	ھ	حریص
لبادہ	Labada	ف	جبہ
لپٹنا	Lipatna	ھ	چمٹنا
لپیٹنا	Lapetna	ھ	تہ کرنا

لفظ	تلفظ		معنی
لَتاڑنَا		ھ	ملامت کرنا' پامال کرنا
لِتھڑنا	لِ۔ تھڑ۔نا	ھ	ملنا' ملانا' لیپ کرنا
لِیتھڑنا	لَ۔ تھیڑ۔نا	ھ	کسی گاڑھی چیز میں لت پت کرنا
لَجَاجَت	لَ۔جَا۔جَت	ف	عاجزی' خوشامد
لَخت	Lakht	ف	ٹکڑا حصہ
لُڑھکنا	لُ۔ڑھک۔نا	ھ	ڈگمگانا
لُغَت (جمع لُغات) (لُغوی لغت سے منسوب)		ھ	Dictionary
لِکھت		ھ	تحریر
لِواطَت		ع	عمل قوم لوط
لَہو لُہان	Lahu Luhan	ھ	خون آلود
لَہجَہ	Lahja	ع	طرز کلام' لے
لَہر	Lahr	ھ	پانی کی موج
لَہلَہانا	لَہ۔ لَہا۔نا	ھ	ہوا سے ہلنا

م

لفظ	تلفظ		معنی
مَاتَحت	Matahat	ع	زیر فرمان
مَاجَرا	Majara	ع	سرگزشت' جو کچھ گزرا
مَاخَذ (جمع مآخِذ)		ع	اخذ کرنے (لینے) کی جگہ
مَالِیدَہ		ف	ایک قسم کی میٹھی غذا
مُبَاحَثَہ		ع	ایک دوسرے سے بحث و تکرار
مَبَادَا	مَ۔بَا۔دَا	ف	ایسا نہ ہو' خدا نہ کرے
مُبَادَلَہ	مُ۔بَا۔دَ۔لَہ	ع	باہم لین دین

لفظ	تلفظ	اصل	معنی
مُبالَغہ	مُ۔بَا۔لَ۔غہ	ع	بڑھاچڑھا کر بیان کرنا
مُباھلہ	مُ۔بَا۔ھَ۔لہَ	ع	ایک دوسرے کے مقابلہ میں بد دعا کرنا
مُبتَلا	مُب۔تَ۔لا	ع	گرفتار۔
مَبحَث	مَب۔حَث	ع	زیر بحث نکتہ
مُبرَم		ع	مشکوک
مُبلَغ	مُب۔لَغ	ف	کامل۔پختہ، مال
مُبلغ	Mubligh	ار	روپیہ، پیسہ
مَبلَغ	مَب۔لَغ	ع	حدو نہایت، کمال

Distination Limit

لفظ	تلفظ	اصل	معنی
مُتَابَعَت	مُ۔تَا۔بَ۔عَت	ع	پیروی
مُتَاثِّر	مُ۔تَ۔اَ۔ثِّر	ع	اثر قبول کرنے والا
مُتَاخِر	مُ۔تَ۔اخِر	ع	پیچھے آنے والا
مُتَاسِّف	مُ۔تَ۔اَس۔سِف	ع	افسوس کرنے والا
مُتَامِل	مُتَ۔اَم۔مِل	ع	پس وپیش کرنے والا
مُتَبَادِل	مُتَ۔بَا۔دِل	ع	Alternate
مُتَبَحِّر	مُتَ۔بَ۔حِر	ع	تبحر Great Scolar
مُتَبَرِّک	مُتَ۔بَر۔رِک	ع	بابرکت
مُتَبَسِّم	مُتَ۔بَس۔سِم	ع	مسکرانے والا
مُتَجَاوِز	مُتَ۔جَا۔وِز	ع	حد سے بڑھنے والا
مُتَجَسِّس	مُتَ۔جَس۔سِس	ع	تجسس کرنے والا
مُتَحَرِّک	مُتَ۔حَر۔رِک	ع	حرکت کرنے والا
مُتَحَقِّق	مُتَ۔حَق۔قِق	ع	تحقیق کیا گیا، درست، صحیح

مُتَحَمِّل	مُت۔ حَم۔ مِل	ع	برداشت کرنے والا
مُتَحَیِّر	مُت۔ حَیْ۔ یِر	ع	حیرت زدہ
مُتَدَیِّن	مُتَ۔ دَیْ۔ یِن	ع	دین دار
مُتَرَتِّب	مُتَ۔ رَت۔ تِب	ع	ترتیب دینے والا
مُتَرَتَّب	مُتَ۔ رَت۔ تَب	ع	ترتیب دیا گیا
مُترجَم	مُ۔ تَر۔ جَم	ع	ترجمہ کیا ہوا
مُترجِم	مُ۔ تَر۔ جِم	ع	ترجمہ کرنے والا
مُتَرَدِّد	مُتَ۔ رَد۔ دِد	ع	پس و پیش کرنے والا
مُتَرَقَّبہ	مُت۔ رَق۔ قَ۔ بَہ	ع	متوقع، انتظار کردہ (نعمت غیر مترقبہ وہ نعمت جس کی توقع نہیں تھی)
مُتَرَنِّم	مُتَ۔ رَن۔ نِم	ع	ترنم والا
مُتَزَلزِل	مُت۔ زَل۔ زِل		ڈگمگایا ہوا، لرزاں
مُتَشَدِّد	مُتَ۔ شَد۔ دِد	ع	سختی کرنے والا
مُتَصَادِم	مُت۔ صَا۔ دِم	ع	ٹکرانے والا
مُتَصَرِّف	مُت۔ صَر۔ رِف	ع	قبضہ کرنے والا
مُتَّصِف	مُت۔ تَ۔ صِف	ع	حامل صفت
مُتَّصِل	مُت۔ تَ۔ صِل	ع	پاس والا، لگا ہوا
مُتَصَوَّر	مُتَ۔ صو۔ وَر	ع	تصور میں لایا ہوا
مُتَعَارِف	مُت۔ عَا۔ رِف	ع	پہچان والا
مُتَعَارَف	مُت۔ عَا۔ رَف	ع	وہ جس کا تعارف کرایا گیا

لفظ	تلفظ		معنی
مُتَعَجِّب	مُت۔ عَجّ۔ جِب	ع	تعجب کرنے والا
مُتَعَدِّد	مُت۔ عَد۔ دِد	ع	بہت سے Many
مُتَعَلِّق	مُت۔ عَل۔ لِق	ع	تعلق رکھنے والا
مُتَعَلَّق	مُت۔ عَل۔ لَق	ع	وہ جس کے تعلق سے
مُتَعَلِّم	مُت۔ عَل۔ لِم	ع	تعلیم پانے والا
مُتَعَیَّن	مُت۔ عَیْ۔ یَن	ع	تعین کیا ہوا
مُتَغَیَّر	مُت۔ غَیْ۔ یَر	ع	بدلا ہوا
مُتَفَرِّق	مُت۔ فَر۔ رِق	ع	جدا جدا۔ پراگندہ (جمع متفرقات)
مُتَفَکِّر	مُت۔ فَک۔ کِر	ع	فکر مند
مُتَلاطِم	مُت۔ لا۔ طِم	ع	موجزن
مُتَلَوِّن	مُت۔ لَو۔ وِن	ع	رنگ بدلنے والا
مُتَمَدِّن	مُت۔ مَد۔ دِن	ع	تہذیب و تمدن والا Civilised
مُتَمَکِّن	مُت۔ مَک۔ کِن	ع	بسنے والا
مُتَمَوِّل	مُت۔ مَو۔ وِل	ع	دولت والا (دولتمند)
مَتْن [1]	Matn	ع	اصل عبارت Text
مُتَناسِب	مُت۔ نا۔ سِب	ع	تناسب والا Proportionate
مُتَنَبَّہ	مُت۔ نَب۔ بَہ	ع	وہ جس کو تنبیہ کی گئی Warned
مُتَنَفِّر	مُت۔ نَف۔ فِر	ع	نفرت کرنے والا

---

[1] گزشتہ عیش کی مجموعہ عالم میں نقلیں ہیں۔ پرانی شال کا شاید کہ ہے متن اس رسالہ میں (منیر)

متنفّس	مُت۔نَف۔فِس	ع	سانس لینے والا' جاندار' انسان
مُتوالا[1]	مُت۔وا۔لا	ھ	مخمور
مُتوحّش	مُت۔وَح۔حِش	ع	وحشت زدہ
مُتورّم	مت۔وَر۔رَم	ع	ورم کردہ' سوجا ہوا
مُتوکل	مُت۔وَک۔کِل	ع	توکل کرنے والا
متہم	مُت۔تَ۔ہَم	ع	تہمت لگایا ہوا
مُٹاپا	مُ۔ٹا۔پا	ھ	فربہی
مَٹھا (بروزن دوا نور)	مَ۔ٹھَ۔ا	ھ	Butter Milk
مٹی	مِٹ۔ٹی	ھ	خاک
مُثبت	مُث۔بَت	ع	وہ جو منفی نہ ہو Positive
مِثل	Misl	ع	مانند
مَثل	Masal	ع	Example
مُثمر	مُث۔مر	ع	Fruit Ful
مُثنیٰ مثنےٰ	مُ۔ثن۔نیٰ	ع	دوسرا' نقل مطابق اصل
مَجاز	مَ۔جا۔ز	ع	حقیقت کی ز د Metaphorical
مُجاز	مُ۔جاز	ع	اجازت یافتہ
مُجاہَدَہ	مُ۔جا۔ہَ۔دَہ	ع	Struggle
مُجرّب	مُ۔جر۔رَب	ع	تجربہ کیا ہوا
مجسّم	مُ۔جس۔سَم	ع	جسم دار' سر سے پاؤں تک' سراپا

[1] جھومتی آتی ہے متوالی گھٹا ۔ ہے یہ مست آج کی کالی گھٹا (ناسخ)

مجلَد	مُ۔جل۔لَد	ع	جلد بندی کیا ہوا Bound
مجلّہ	مُ۔جل۔لہَ	ع	رسالہ Magazine
مُجمَل	مُج۔مَل	ع	مختصر کردہ
مُجوِّز	مُ۔جو۔وِز	ع	رائے دینے والا
مُجوّزہ	مُ۔جو۔وَزہ	ع	تجویز کیا ہوا
مچلکہ۔ا	مُ۔چل۔کہ	ف	کسی کام کے نہ کرنے کا عہد نامہ
مچنا	مچ۔نا	ھ	آنکھ بند کرنا
محَاذ (محَاذ غلط ہے توُر)	مُ۔حاذ	ع	مقابلہ کی جگہ Front
محَاسِن	مَ۔حا۔سِن	ع	حسن کی جمع، خوبیاں
مُحاق / محَاق	مُ۔حا۔ق	ع	چاند کی آخری تاریخیں
مُحال	مُ۔حال	ع	ناممکن Imposible
محاوَرہ	مُ۔حا۔وَ۔رہ	ع	بات چیت کسی کلمہ یا کلام کا مخصوص معنی
مَحبّت	مَ۔حب۔بت	ع	الفت، پیار، دوستی
مُحرَّف	مُ۔حر۔رَف	ع	تحریف کیا گیا، بدلا ہوا
محرَم	مَح۔رَم Mahram	ع	وہ قریبی رشتہ دار جس کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو
مُحرِم	مُح۔رِم Muhrim	ع	حج کے لئے احرام باندھنے والا
مُحرّم	مُ۔حر۔رَم	ع	حرمت والا، قمری سال کا پہلا مہینہ
محض	Mahz	ع	صرف، فقط

[1] میری چشم تر نے بدلی سے مچلکہ لکھ لیا۔ اس برس سچ ہے شکایت جا بجا برسات کی (رشک)

مُحوّلہَ	مُ۔حَو۔وَلہَ	ع	وہ جس کا حوالہ دیا گیا ہو
مُخبِر	مُخ۔بِر	ع	خبر دینے والا
مُخیّر	مُ۔خیَ۔یِر	ع	بڑھ چڑھ کر صدقہ و خیرات کرنے والا
مُدَارات	مُ۔دَا۔رات	ع	خاطر تواضع، اچھا سلوک
مُدَاوَا	مُ۔دَا۔وَا	ع	درماں، چارہ سازی
مدحَت	مِد۔حَت	ع	تعریف، ستائش
مُدعَا	مُد۔دَ۔عَا	ع	مقصد، مطلب
مدلّل	مُ۔دَل۔لَل	ع	دلیل سے ثابت کیا ہوا
مَدّھم	Mad-dham	ھ	آہستہ، دھیما، ہلکا
مَذَلّت	مَ۔ذَل۔لَت	ع	برائی، ہجو
مراسلت	مُ۔رَا۔سَ۔لَت	ع	باہمی خط و کتابت
مَرَاسِم	مَ۔رَا۔سِم	ع	برتاؤ، طور طریقے
مَرَام (فائزالمرام ہونا)		ع	مراد، مقصد، (مراد کو پالینا)
مرتد	Murtad	ع	دین سے پھرا ہوا
مُرشِد	Murshid	ع	رہنمائی کرنے والا، ہادی
مَرَض	مَ۔رَض	ع	بیماری
مرَضیِ	Marzi	ع	پسندیدگی، رضامندی
مُرَمّمہ	مُ۔رَم۔مَ۔مَہ	ع	ترمیم کردہ Amended
مرِیَل	Maryal	ھ	نہایت دبلا پتلا کمزور
مِزاح	Mizah	ع	ظرافت، مذاق

مُزاحَمت	مُ۔ زَا۔ حَ۔ مَت	ع	روک، ممانعت Resistance
مِزاحِیَہ	مِ۔ زَا۔ حِ۔ یَہ	ع	ظریفانہ
مُزد	Muzd	ف	مزدوری
مُزدُور (مزدور اردو میں زبانوں پر ہے۔ نور)		ف	مزدوری کرنے والا
مُزَعفَر	مَ۔ زَع۔ فَر	ف	زعفران میں رنگے ہوئے چاول کا میٹھا پلاؤ
مُزمِن	Muzmin	ع	پرانا Chronic
مُزَیَّن	مُ۔ زَی۔ یَن	ع	سجایا ہوا
مِس		ف	تانبہ Copper
مَس		ع	چھونا
مُسَابقت	مُ۔ سا۔ بَ۔ قَت	ع	ایک دوسرے سے آگے بڑھنا
مِسَاس	Misas	ع	چھونا، ہاتھ پھیرنا
مُستَحسَن	مُس۔ تَح۔ سَن	ع	پسندیدہ، بہتر
مُستَحکَم	مُس۔ تَح۔ کَم	ع	پکا، مضبوط
مُستَعِد	مُس۔ تَ۔ عِد	ع	آمادہ، کمربستہ
مُستَعِدی	مُس۔ تَ۔ عِد۔ دِی	ع	آمادگی
مُستَعمَل	مُس۔ تَع۔ مَل	ع	استعمال کیا ہوا برتا ہوا
مُستوجِب	(مُس۔ تَو۔ جِب)	ع	واجب، قابل
مَسَرّت	(مَ۔ سر۔ رَت)	ع	خوشی، شادمانی (مُسرّت غلط ہے۔ نور)
مُسرِف	مُس۔ رِف	ع	فضول خرچ
مُسکِت	مُس۔ کِت	ع	خاموش کرنے والا
مُسکِرَات (مسکِر کی جمع)		ع	نشہ لانے والی چیزیں

مُسَکِّن مُ۔سَک۔کِن ع تسکین دینے والا

مَسکَنَت مس۔کَ۔نَت ع مسکینی، مفلسی

مُسلسل مُ۔سَل۔سَل ع سلسلہ وار، لگاتار

مُسلَّم مُ۔سَل۔لَم ع تسلیم کیا گیا

مَسَہری مَ۔سَہ۔رِی ھ پردہ دار پلنگ

مُشَاعَرَہ مُ۔شا۔عَ۔رَہ ع شعراء کا ایک دوسرے کو شعر سنانا

مُشَافَہہَ مُ۔شا۔فَ۔ہَہ ع روبرو (بالمشافہہ)

مُشَاہرہَ مُ۔شا۔ہَ۔رَہ ع مہینہ کی تنخواہ

مُشتَبَہ مُش۔تَ۔بَہ ع مشکوک، شبہ کے قابل

مُشتَرَک مُش۔تَ۔رَک ع Joint

مُشترکہ مُش۔تَ۔رَ۔کہ ع Common

مُشتَعِل مُش۔تَ۔عِل ع بھڑکنے والا

مُشتَمِل مُش۔تَ۔مِل ع شامل

مُشتہِر مُش۔تَ۔ہِر ع اشتہار دینے والا

مُشفِق مُش۔فِق ع شفقت والا

مَشک Mash-k ع پانی بھرنے کی کھال

مَشکِیزہ Mashkeeza ع چھوٹی مشک

مَصلَحت مَص۔لَ۔حَت ع خوبی، خیر اور بھلائی

مُصَالَحت مُ۔صا۔لَ۔حَت ع باہمی صلح، میل ملاپ

مَضَرَّت مَ۔ضَر۔رَت ع نقصان پہنچانا

مُطَالَبَہ	مُ۔طَا۔لَ۔بَہ	ع	ایک دوسرے سے طلب کرنا
مُطَالَعَہ	مُ۔طَا۔لَ۔عَہ	ع	واقف کاری، غور و فکر Reading
مَعَاش	مَ۔عَاش	ع	روزی
مُعَاشَرَت	مُ۔عَا۔شَ۔رَت	ع	کسی کے ساتھ مل جل کر زندگی گزارنا
مُعَاصِر	مُ۔عَا۔صِر	ع	ہم عصر
مُعَامَلَہ	مُ۔عَا۔مَ۔لَہ	ع	باہمی عمل، باہمی کاروبار
مُعَانَقَہ	مُ۔عَا۔نَ۔قَہ	ع	گلے ملنا، بغلگیر ہونا
مُعَاوَضَہ	مُ۔عَا۔وَ۔ضَہ	ع	بدلہ، عوض
مُعَاہَدَہ	مُ۔عَا۔ہَ۔دَہ	ع	باہم قول و قرار، عہد و پیمان
مُعَایَنَہ (اردو والے معائِنہ بولتے ہیں توُر)		ع	آنکھ سے دیکھنا
مَعبَد	مَع۔بَد	ع	عبادت گاہ
مُعتَمَد	مُع۔تَ۔مَد	ع	اعتماد کیا گیا، قابل اعتبار (سکریٹری)
مُعجِزَہ	مُع۔جِ۔زَہ	ع	وہ عاجز کر دینے والی بات جو نبی سے ظاہر ہو
مَعذِرَت (مَعذَرَت بھی صحیح ہے)		ع	عذر، حیلہ
مَعرِفَت	مَع۔رِ۔فَت	ع	پہچان، ذریعہ
مَعرَکَہ	مَع۔رَ۔کَہ	ع	جھگڑا، مقابلہ
مَعرَکَہ آراء (معرکتہ الآرا غلط ہے)		ع اور ف	معرکہ کو رونق بخشنے والا کا مرکب

مُعَزَّز	مُ۔عَز۔زَز	ع	عزت دار
مُعَنوَن	مُ۔عَن۔وَن	ع	عنوان دیا گیا
مُعَیَّن	مُ۔عَی۔یَن	ع	مقرر کیا گیا
مُغَایَرَت	مُ۔غا۔یَ۔رَت	ع	غیریت بیگانگی
مَغز		ع	گری، گودا، مجازاً عقل سمجھ
مُفَاجات	مُ۔فا۔جات	ع	اچانک، ناگہانی
مُفَاخَرَت	مُ۔فا۔خَ۔رَت	ع	بڑائی، شیخی
مُفَارَقت	مُ۔فا۔رَقت	ع	جدائی
مُفرَد	مُف۔رَد	ع	اکیلا، واحد، غیر مرکب
مُفَوِّض	مُ۔فَو۔وِض	ع	سونپنے والا
مُفَوَّضَہ	مُ۔فَو۔وَ۔ضہ	ع	سونپا ہوا، سپرد کیا ہوا
مَقام / مُقام		ع	مکان، مسکن، ٹھکانا
مَقبَرَہ	مق۔بَ۔رَہ	ع	قبر کی جگہ، مزار
مُقتَدَا	مق۔تَ۔دَا	ع	پیشوا
مُقتَدِر	مق۔تَ۔دِر	ع	اقتدار رکھنے والا
مَقدِرَت	مق۔دِ۔رَت	ع	قدرت، طاقت
مُقَرَّب	مُ۔قَر۔رَب	ع	وہ شخص جسے قرب حاصل ہو
مُقَرِّر	مُ۔قَر۔رِر	ع	تقریر کرنے والا
مُقَرَّر	مُ۔قَر۔رَر	ع	معین
مُقَیَّد	مُ۔قَی۔یَد	ع	قید کیا گیا
مُکَاشَفَہ	مُ۔کا۔شَ۔فہ	ع	امور غیبی کا کھلنا، انکشاف

مُکَالَمَہ	مُ۔ کا۔ لَ۔ مَہ	ع	گفتگو
مکر [1]	Makr	ع	دغا، فریب
مَکرَمَت	مک۔ رَ۔ مَت	ع	بزرگی
مُکَعَّب	مُ۔ کَع۔ عَب	ع	Cubic
مُکَلِّف	مُ۔ کل۔ لِف	ع	تکلیف دینے والا
مُکَلَّف	مُ۔ کل۔ لَف	ع	تکلیف دیا گیا
مُکَمَّل	مُ۔ کَم۔ مَل	ع	پورا کیا گیا Complete
مُلاحَظَہ	مُ۔ لا۔ حَ۔ ظہ	ع	ایک دوسرے کا لحاظ
مُلازَمَت	مُ۔ لا۔ زَ۔ مَت	ع	نوکری
مُلاطَفَت	مُ۔ لا۔ طَ۔ فَت	ع	ایک دوسرے کے ساتھ لطف اور مہربانی سے پیش آنا
مُلائم	مُ۔ لا۔ ئم	ع	نرم، نازک
مُلحَق	مل۔ حَق	ع	جڑا ہوا
مُلحِق	مل۔ حِق	ع	جڑنے والا
مُلزِم	مل۔ زِم	ع	مجرم، قصوروار
مُلَوَّث	مُ۔ لو۔ وَث	ع	آلودہ، لتھڑا ہوا
مِلَونی	مِ۔ لَو۔ نِی	ھ	آمیزش
مُلَیِّن	مُ۔ لَی۔ یِن	ع	نرم کرنے والا، قبض دور کرنے والا
مُماثَلَت	مُ۔ ما۔ ثَ۔ لَت	ع	مشابہت

[1] اہل دیں کی اور خصلت طرز دنیا اور ہے۔ مکر ان شیروں سے ہو سکتا ہے کب روباہ کا (امیرؔ)

مُمَانَعَت	مُ۔مَا۔نَ۔عَت	ع	روکنا، منع کرنا
مَملُکَت	مم۔لُ۔کَت	ع	سلطنت، حکومت
مَمَالک	مَ۔مَا۔لِک	ع	بہت سے ملک، ملک کی جمع
مُنَاسبَت	مُ۔نَا۔سَ۔بَت	ع	ایک دوسرے سے نسبت، باہمی تعلق
مَنَارَہ	مَ۔نَا۔رَہ (اردو میں مینار اور مینارہ مستعمل ہے)	ع	چراغ رکھنے کی جگہ، اونچا ستون، مسجد کا منار
مُنَافَرَت	مُ۔نَا۔فَ۔رَت	ع	ایک دوسرے سے نفرت کرنا
مُنتَخَب	مُن۔تَ۔خَب	ع	انتخاب کیا گیا، چنا گیا
مَنَّت	مَن۔نَت	ہ	نذر نیاز
مِنَّت	مِن۔نَت	ع	ممنون ہونا، عاجزی و خوشامد
مُنتَشِر[1]	مُن۔تَ۔شِر	ع	بکھیرنا، پراگندہ ہونا
مُنتَظِر	مُن۔تَ۔ظِر	ع	انتظار کرنے والا
مُنتَظَر	مُن۔تَ۔ظَر	ع	وہ جس کا انتظار کیا جائے
مُنتَظِم	مُن۔تَ۔ظِم	ع	انتظام کرنے والا
مُنحَصِر	مُن۔حَ۔صِر	ع	موقوف
مُندَرِجہ	مُن۔دَ۔رِ۔جہ	ع	درج کیا گیا
مَنجَنِیق	مَن۔جَ۔نیق	ف	پتھر رکھ کر مارنے کا آلہ
مَنزِلَت	مَن۔زِ۔لَت	ع	توقیر، عزت
مُنسَلِک	مُن۔سَ۔لِک	ع	نتھی کرنے والا

[1] روحیں تنوں کو چھوڑ کے کیا منتشر گئیں۔ اللہ رے انقلاب کہ آنکھیں بھی پھر گئیں (تعشق)

مُنسلکہ (مُنسلک)	مُن۔سَ۔لِ۔کہ	ع	نتھی کیاہوا
مَنِش[1]	مَ۔نِش	ف	دل،طبیعت،مزاج
مَنصّۂ شہود		ع	ظاہر ہونے کی جگہ، جلوہ گاہ
مِنطَقَہ	مِن۔طَ۔قہ	ع	دائرہ، حلقہ
مُنعَطِف	مُن۔عَ۔طِف	ع	مڑنے والا، متوجہ ہونے والا
مُنعَقِد	مُن۔عَ۔قِد	ع	انعقادپانے والا،مقرر ہونے والا
مُنفَرِد	مُن۔فَ۔رِد	ع	تنہا،اکیلا
مَنفَعَت	مَن۔فَ۔عَت	ع	نفع،فائدہ
مَنقَبت	مَن۔قَ۔بَت	ع	تعریف،توصیف
مُنکِر	مُن۔کِر	ع	انکار کرنے والا
مُنکَر	مُن۔کَر	ع	برائی،خراب،ناشائستہ غیر معروف
مُنہ چڑانا		ہ	کسی کو کھجانے کے لئے منھ ٹیڑھا کر کے دکھانا
مُوالات	مُ۔وَا۔لات	ع	آپس کی دوستی (ترک موالات، آپس کی دوستی کو ترک کرنا)
مُوافَقت	مُ۔وا۔فَقَت	ع	مطابقت،برابری
مُوانَسَت		ع	باہمی انس و محبت
مَوج		ع	لہر
مُوجِب	مُو۔جِب	ع	واجب کرنے والا،باعث،سبب

[1] کب ہوا اے بُت بیگانہ منش تو اپنا۔دل جو اپنا ہے نہیں اس پہ بھی قابو اپنا (داغؔ)

لفظ	تلفظ	زبان	معنی
مُوچ	Moch	ھ	کجی، لچک
مَؤخر	مُ۔ءَخ۔خَر	ع	آخر کیا گیا، پچھلا
مُودَّب	مُو۔ءَد۔دَب	ع	باادب، شائستہ
مَؤدِب	مُوءِد۔دِب	ع	ادب سکھانے والا، استاد
مُورَتِی	مُو۔رَ۔تِی	ھ	بت، صنم
مُورِث	مُو۔رِث	ع	وراثت دینے والا
مَورُوثی	مَو۔رُو۔ثی	ع	باپ دادا کا
مَوزُوں		ع	اچھا تلا Suitable
مُؤسِّس	مُ۔ءَس۔سِس	ع	Founder
مَورِد	مَو۔رِد	ع	اترنے کی جگہ، ٹھہرنے کی جگہ
مَوسِم / مَوسَم		ع	وقت، زمانہ، Season, Climate
مَوسُوم		ع	نام رکھا گیا
مَوصوف		ع	تعریف کیا گیا
مَوقِف		ع	کھڑے ہونے کا مقام Stand
مَوضُوع	مَو۔ضُو۔ع	ع	وضع کیا گیا، رکھا گیا
مَولِد		ع	پیدا ہونے کی جگہ Birth Place
مَولوِی	مَو۔لَ۔وِی	ع	مولیٰ سے منسوب، عالم
مُونِس		ع	انس رکھنے والا
مَہبِط	مھ۔بِط	ع	اترنے کی جگہ
مَہک	مَ۔ہک	ھ	خوشبو، نکہت

مُہنَت [1]	مَ۔ہنَت	س	جوگی
مُہَندِس	مُ۔ہَن۔دِس	ع	انجینیر Engineer
مَیّت	مَیْ۔یِت	ع	مردہ، نعش
مُیَسَّر	مُ۔یَس۔سَر		Available
مَیلان		ع	رجحان

ن

نَاوِل	Navil	انگ	نثر میں لکھا ہوا معقول قصہ
نُبوّت	نُ۔بُو۔وَت	ع	پیغمبری
نَبَوی	نَ۔بَ۔وِی	ع	نبیؐ سے نسبت رکھنے والا
نِت نَیا	نِت۔نَ۔یا	ار	تازہ بتازہ، ہمیشہ نیا
نَحر	Nahr	ع	ذبح کرنا
نَخوت	(اردو میں نَخوت زبانوں پر ہے نور)	ع	گھمنڈ، غرور
نَدّاف	نَد۔دَاف	ع	روئی دُھنکنے والا
نَدامَت	نَ۔دَا۔مَت	ع	شرمندگی
نِرخ		ف	قیمت Price
نِزاع	نِ۔زَاع	ع	جھگڑا
نُزہَت		ع	پاکیزگی، تر و تازگی
نَسَق [2] (نظم و نسق)	Nasaq		انتظام، دستور

[1] کیا شرح خاکساری دل کیجئے ہوس ۔ جیتے جی یہ مہنت تو مٹی میں مل گیا (ہوس)

[2] دل میں رہا نہ کچھ تو کیا ہم نے ضبط شوق۔ یہ شہر جب تمام لٹا تب نسق ہوا (میر)

نِشان / نَشان		ف	اثر، سراغ، پتا
نَشانَہ[1]	Nashana		ہدف Target
نَشاستَہ	Nashasta	ف	گیہوں کاست
نِشَست	Nishasth	ف	بیٹھک
نِشتر (تیر و نشتر)	نِش۔تَر	ف	Lancet
نِشیب	Nisheb	ف	پستی، پست زمین
نِشیمَن	Nisheman	ف	آشیانہ
نَفر	Nafar	ف	ایک شخص، چھوٹا (تین سے دس تک آدمیوں کا) گروہ
نَفرت	Nafrath	ع	گھن، کراہت
نَفَس (جمع انفاس)	Nafas	ع	سانس، گھڑی، لمحہ
نَفس	Nafs	ع	جان، روح
نِقاب (ہندوستانی نَقاب کہتے ہیں نور)		ع	گھونگھٹ، برقع
نَقّارَہ	نق۔قا۔رہ	ف	طبل
نِقاط	Niqat (نقطہ کی جمع)	ع	Points
نِکات	Nikat (نکتہ کی جمع)	ع	باریکیاں
نَقب	Naqb	ع	دیوار میں سوراخ کرنا
نَقد	Naqd	ع	Netcash تبصرہ، روپیہ
نَک		ار	ناک کا مخفف
نَکہَت	Nakhat	ف	خوش بو، مہک

---

[1] ہنستا ہوں کہ بیٹھے ہیں مرے دل پہ نشانے۔ روتا ہوں کہ گھر دیکھ لیا تیر قضا نے (راسخ)

نِگَراں [1]	Nigaran	ف	محافظ، نگہبان
نِگَرانی	Nigarani	ف	دیکھ بھال
نَلا / نَلی	Nala-Nali	ہ	اندر سے کھوکھلی گول اور لمبی چیز
نُمُونَہ (اردو داں نمونہ کہتے ہیں نور)		ف	Specimen
نَنّا مُنّا	Nanna Munna	ار	چھوٹا
نَوّاب	نو۔واب	ع	نیابت کرنے والا، حاکم، سردار
نِوار (نواڑ: ہندی)		ف	Tape
نَہار منہ (نہار بمعنی دن)		ع	صبح سے کھائے بغیر رہنا
نَہج	Nahj	ع	کشادہ راہ
نَہر / نَہَر	Nahr, Nahar	ع	جوئے آب، دریا کی شاخ، نالا
نَیِّر (نیرِ اعظم سورج) فارسیوں نے نَیَر کہا ہے)		ع	چمکدار ستارہ
نِیز	Neez	ف	اور، بھی Also

و

وَابَستَہ	وا۔بس۔تہ	ف	متعلق
وَارَفتَگی	وا۔رَف۔تَ۔گی		بے خودی
وَاسِطہ [2]		ع	ثالث، ایلچی، درمیانی چیز
وَاہیّات	وا۔ہی۔یات	ع	بے ہودہ، لغو
وَدَاع (الوداع)		ع	رخصت

(فارسی اور اردو داں وداع کہتے ہیں)

---

[1] منہ لگایا ہے بھلا کب صفت آئنہ۔ دی ہیں آنکھیں مجھے اس نے نگراں رہنے کو (مصحفی)

[2] تیرے مریض غم کی دعا ہے یہ دم بہ دم۔ ڈالے خدا لنہ عیسی مریم سے واسطہ (داغ)

وِرَاثت	وِ۔ رَا۔ ثت	ع	مرنے والے کا مال
وِرثہ / وَرثہ		ع	"
وَرَق	Waraq	ع	پتہ' کاغذ کا تراشہ
وَرَقہ	Waraqa	ع	"
وَرَم[1]	Waram	ع	سوجن
وَزن	Wazn	ع	Weight
وَساطَت	Wasatat	ع	ثالثی Mediation
وصول		ع	ملا ہوا' حاصل شدہ
وضو[2]		ف	نماز سے پہلے طہارت کے لئے منہ ہاتھ دھونا
وِفاق	Wifaq	ع	کئی ریاستوں کا مل کر حکومت سازی کرنا Federation
وَقار (اہل فارس وِقار کہتے ہیں)		ع	متانت بردباری
وَھبِی	Wahbi	ع	قدرت کا دیا ہوا' خداداد
وَید (وید' ہندوؤں کی مقدس کتاب)		س	طبیب
وِیران		ف	اجڑا ہوا

ہ / ھ

ہَٹانا		ھ	سرکانا

---

[1] سرگشتگی کا ہم کو ہمیشہ مرض رہا۔ اترا نہ پاؤں پر سے ورم تیرے عشق میں (بحر)

[2] خوب بھر کر لگا دے منہ سے سبو۔ خیر ٹوٹے جو ٹوٹتا ہے وضو (شوق)

ہٹنا		ھ	سرکنا، کھسکنا
ہجا / ہجّا	Hija/ Hijja	ع	حرف کا اعراب سے ظاہر ہونا
ہجو [1]		ع	برائی کرنا
ہچکولہ	ہچ۔کو۔لہَ	ھ	دھکا، جھٹکا
ہڈی	ہڈّ۔ڈِی	ھ	Bone
ہذیان	ہذ۔یان	ع	بیہودہ گوئی، بیہوشی کی بڑ
			(اردو زبان میں ہذیان مستعمل ہے۔ نوٓر)
ہراساں	ہِ۔رَا۔ساں	ف	خوفزدہ
ہرج	Hajr (ہرج اردو میں)	ع	شورش، ہنگامہ
ہلاک (ہلاکت)	Halakath	ع	قتل، بربادی
ہلانا	ہِ۔لا۔نَا	ھ	حرکت دینا
ہلاہل	ہَ۔لا۔ہل	ع	زہر، خطرناک زہر
ہلنا	Hilna	ع	جنبش کرنا
ہندسہ [2]	ہن۔دَ۔سہَ		عدد، شکل
ہونہار	Honhar		وہ کم سن جس میں شرافت اور قابلیت کے آثار پائے جائیں
ہیجان	Haijan	ع	جوش، ابال، برانگیختگی
ہیولا [3]	ہَ۔یُو۔لا		مادہ

---

[1] ہجو کی واعظ نے کی اے حریر۔ کیا کہیں کیا سوچ کر ہم پی گئے (حریؔر)

[2] اس اشارے سے نام بتلایا۔ ہندسہ چار سو کا لکھوایا (مسروؔر)

[3] اسی روز سے مجھ کو شیدا بنایا۔ کہ جس دن تمھارا ہیولا بنایا (نوازشؔ)

ی

یَثرِب	یَث۔رِب	ع	مدینہ منورہ کا قدیم نام
یخنی	یَخ۔نی	ف	گوشت کا شوربا یا پانی
یکُم	یَ۔کُم	ف	پہلی، کسی مہینہ کا پہلا دن

اُردو اِملا کی بے قاعدگیاں

□ ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی

لاہور

آپ نے دیکھا ہوگا کہ اردو کے بہت سے الفاظ مختلف کتابوں' رسالوں اور اخبارات میں مختلف طریقوں سے لکھے جاتے ہیں۔ املا کا یہ اختلاف اور انتشار ایک افسوس ناک صورتِ حال کی نشان دہی کرتا ہے۔ اس اختلاف کو کم اور دور کرنے کے لئے ذیل میں چند اصول اور قاعدے بیان کیے جا رہے ہیں۔

راقم الحروف نے یہ نکات، ماہرین املا (عبدالستار صدیقی، رشید حسن خاں، فرمان فتح پوری وغیرہ) اور بعض اداروں (انجمن ترقی اردو، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد اور ترقی اردو بیورو دہلی) کی مرتب کردہ سفارشات' املا کے مطالعے اور اس موضوع پر منعقدہ متعدد ورک شاپوں' سیمی ناروں اور بحث مباحثوں میں شرکت کے بعد مرتب کیے ہیں۔ ہر اصول اور ہر قاعدہ کسی نہ کسی دلیل یا سبب سے متعین کیا گیا ہے۔ ان اصولوں کو اختیار کرنے سے اردو املا کی بے قاعدگیاں کم ہو سکتی ہیں۔

املا کے قاعدے اور اصول حسبِ ذیل ہیں:

۱۔ حتی الوسع لفظوں کو الگ الگ لکھنا چاہئے، خصوصاً مرکبات کو، مثلاً: ان کو، آپ کے، کے لیے، جائے گا، جس قدر، خوب صورت، آج کل، قلم کار، عقل مند، بے شک، بے خوف' ہم قدم

انہیں، یوں لکھنا درست نہ ہوگا:

انکو، آپکے، کیلیے، جائیگا، جسقدر، خوبصورت، آجکل، قلمکار، عقلمند، بیشک بیخوف، ہمقدم۔

۲۔ انگریزی اور یورپی الفاظ بھی الگ الگ لکھنا ہی مناسب ہے، اس طرح انہیں پڑھنا نسبتاً آسان ہوگا، مثلاً: کاپی رائٹ، پبلی کیشنز، یونی ورسٹی، سیمی نار، انڈی پینڈنٹ، ٹیلی گراف، ٹیلی وژن، ٹیلی فون، انسٹی ٹیوٹ، ایجی ٹیشن، سائنٹی فک، انسائی کلوپیڈیا۔

البتہ بعض الفاظ ملا کر ہی لکھے جائیں گے، جیسے:
کانفرنس، پارلیمنٹ، میونسپلٹی وغیرہ
۳۔ مرکب حروف ہمیشہ ہائے مخلوط یا دو چشمی ''ھ'' سے لکھے جاتے ہیں:
انھوں، انھیں، تمھارا، جنھیں، کمھار، بھائی، دلھن، سرھانا، ساٹھ، بھٹی، دھندا، کلھاڑی وغیرہ

اس کے برعکس ہائے ملفوظ (ہ) والے الفاظ (ہ، شروع میں ہو، خواہ درمیان میں ہو) کہنی دار ''ہ'' سے لکھنا درست ہے، جیسے:
ہمیشہ، دہلی، لاہور، انتہا، ہمارا، اہم.... وغیرہ۔
ہائے مخلوط ''ھ'' اور ہائے ملفوظ ''ہ'' میں امتیاز کرنا ضروری ہے، ورنہ لفظوں کے معنی بدل جائیں گے، جیسے:
''بھائی'' اور ''بہائی''.... اسی طرح: ''گھر'' اور گہر'' مختلف المعانی الفاظ ہیں۔
۴۔ بعض عربی الفاظ کے آخر میں الف کی آواز ہے مگر وہاں بجائے الف کے ''ی'' ''واؤ'' لکھی جاتی ہے اور اس پر چھوٹا الف (الف مقصورہ) نشان کے طور پر بنا دیا جاتا ہے (اسے کھڑا زبر بھی کہتے ہیں) جیسے: ادنیٰ، اعلیٰ، ربوٰ... مگر اس قبیل کے کئی الفاظ اردو میں پورے الف سے رائج ہیں، جیسے: تماشا، تقاضا، رہا، مدعا وغیرہ.... (کئی الفاظ دونوں طرح سے لکھے جاتے ہیں) ایسے لفظوں کا املا اس طرح مناسب ہوگا، جیسے:
ادنا، اعلا، تمنا، مدعا، مولانا، دوا، فتوا، معرا، وغیرہ
باقی الفاظ اس طرح لکھنا مناسب ہوگا جیسے:
ادنیٰ، مقفیٰ، عقبیٰ، مجلس شوریٰ، تقویٰ، مجتبیٰ، موسیٰ، عیسیٰ، تعالیٰ، یدطولیٰ، سدرۃ المنتہیٰ، وغیرہ

خیال رہے کہ ''استعفا'' صحیح ہے ''استعفیٰ'' غلط ہے۔
۵۔ سابقے اور لاحقے (بہ، چہ، کہ) انھیں ملا کر لکھنا بہتر ہوگا، مثلاً:
بلکہ، چنانچہ، کیونکہ، چونکہ، بشرطیکہ، غرضیکہ، بخدا، بخوبی، بدقسمت، بہرحال، بدستور، بدولت، بانداز، وغیرہ۔

۶۔ بعض عربی الفاظ کے درمیان حروف پر چھوٹا الف (کھڑا زبر) آتا ہے (جیسے : اسمٰعیل، رحمٰن) بہتر ہے ایسے الفاظ پورے الف سے لکھے جائیں۔ اس طرح کمپوزنگ میں بھی آسانی ہوگی، مثلاً: ابراہیم، اسماعیل، رحمان، اسحاق، یاسمین، مولانا، (نہ کہ مولٰینا) وغیرہ۔

ملغوبا، قورما، سانچا، ڈاکا، شوربا، ڈھانچا، معما، تماشا، بقایا، تمغا، مچلکا، حلوا، مربا، چغا، خون خرابا، ناشتا، آریا، معما، خارا، داروغا، کٹورا، غنڈا، راجا، ڈراما، دھماکا، بھروسا، کلیجا، پتا، پٹا، باڑا، بلبلا، تارا، گھونسلا، میلا، انگارا، فرما، انڈا وغیرہ۔ بطور استثنا، بعض لفظوں کا املا یہ ہوگا (کیونکہ یہ اسی طرح رائج ہیں): نقشہ، کمرہ، زردہ، غبارہ، عاشورہ، خاکہ، بارہ، تکیہ، مہینہ، سموسہ، ثقعہ، ماشہ، تولہ، آزوقہ، پسینہ، روپیہ وغیرہ۔

۸۔ اسمائے معرفہ مروج طریقے سے لکھے جائیں گے، جیسے:

افریقہ، مرہٹہ، کلکتہ، چیکوسلواکیہ، آگرہ، شملہ، پٹنہ، ہرارہ، بنگلہ دیش، امریکہ، وغیرہ۔

۹۔ بعض لفظوں میں ہمزہ اور بعض میں ''ی'' کا استعمال اس طرح ہوگا:

صحیح	غلط	صحیح	غلط
لیے	لئے	چاہیے	چاہئے
جیے	جئے	چاہییں	چاہئیں
لکھیے	لکھئے	کیجیے	کیجئے
دیے	دیئے		

۱۰۔ ''انشاءاللہ'' کا املا قرآن پاک کے مطابق لکھنا مناسب ہے: ''ان شاءاللہ''۔ اگر اسے ملا کر ''انشاءاللہ'' لکھیں گے تو اس کا معنی مختلف ہوگا۔

۱۱۔ اضافت کے قاعدے میں، لفظ کے آخری حرف کے نیچے زیر آتا ہے، جیسے ماہِ رمضان تحریکِ اسلامی، اتمامِ حجت.... مگر جن لفظوں کے آخر میں یا ے ساکن ہوتی ہے، اضافت کی صورت میں اس ''ے'' کے نیچے زیر آئے گا (نہ کہ ہمزہ) مثلاً:

صحیح	مرضیِ خدا	رعنائیِ خیال	آزادیِ وطن
غلط	مرضیٔ خدا	رعنائیٔ خیال	آزادیٔ وطن

ایسے مقامات پر ہمزہ لکھنا مرزا غالب کے الفاظ میں ''عقل کو گالی دینا ہے۔''

۱۲۔ عربی جمع اور مصادر کے آخر میں ہمزہ آتا ہے۔ اردو میں ان کے آخر میں ہمزہ نہیں

لکھیں گے، مثلاً:

ابتدا، انتہا، ارتقا، التوا، ابتلا، استدعا، اولیا، انبیا، جہلا، وزرا، فقرا، حکما، غربا، اخفا، القاوغیرہ۔

۱۳۔الف پر ختم ہونے والے انگریزی الفاظ کے آخر میں ہمزہ لکھنا بھی غلط ہے، مثلاً:
مارشل لا، بارایٹ لا... صحیح ہے اور: مارشل لاء بارایٹ لاء.... غلط ہے۔

۱۴۔مرکب اضافی لکھنے کی صحیح صورت یہ ہوگی: حکمائے اسلام، ابتدائے کار، یعنی ''ے'' پر ہمزہ نہیں ہوگا، کیوں کہ ''ے'' اضافت کی علامت ہے اور ہمزہ کی قائم مقام ہے، اس کے اوپر ایک اور ہمزہ لگانا زائد اور غیر ضروری ہے۔

۱۵۔مرکب عطفی کی صورت یہ ہوگی: شعراوادبا، فقراومساکین، آباواجداد، وغیرہ

۱۶۔قانون امالہ: جن واحد مذکر لفظوں کے آخر میں ''ہ'' یا الف ہو اور ان کی جمع یائے تحتانی لگانے سے بن سکتی ہو اور ان کے فوراً بعد حرف عاملہ (مغیرہ) یعنی تک، سے، کو، کے، کی، میں، پر، وغیرہ میں سے کوئی حرف آئے تو اردو املا میں اس ''ہ'' یا ''الف'' کو یائے تحتانی سے بدل دیا جائے گا، مثلا: آپ کے بارہ میں، اس افسانہ کا، تمہارے بھروسا پر، وہ چوراہا میں کھڑا تھا.... کے بجائے یوں لکھنا صحیح ہوگا: آپ کے بارے میں، اس افسانے کا، تمہارے بھروسے پر، وہ چوراہے میں کھڑا تھا۔

البتہ اسمائے معروفہ جوں کے توں رہیں گے۔خیال رہے کہ بعض الفاظ امالہ قبول نہیں کرتے، جیسے:

امریکہ، دادا، نانا، چچا، ابا، ایشیا، برما، ہمالیہ، والدہ، جمیلہ وغیرہ۔

۱۷۔گول ''ۃ'' والے عربی کے متعدد لفظ ''ت'' سے رائج ہیں' جیسے: حیاۃ، نجاۃ، رحمۃ وغیرہ.... انہیں اردو میں حیات، نجات، رحمت وغیرہ لکھتے ہیں۔مناسب ہے کہ ایسے سب لفظ ''ت'' ہی سے لکھے جائیں، جیسے:

حیات، ممات، نجات، بابت، مسمات، نشات (ثانیہ)، زکات، تورات وغیرہ۔

خیال رہے کہ بعض مرکب الفاظ اس طرح لکھے جائیں گے:

رحمت للعالمین (رحمت کے بعد الف نہیں آئے گا) امت الزہرا، رومت الکبرا، وغیرہ۔

۱۸۔بعض فارسی الفاظ، اردو میں فارسی ہی کے طریقے پر اور کبھی اس سے مختلف انداز

میں لکھے جاتے ہیں۔ایسے الفاظ کا یہ املا مناسب ہے:

آیندہ، جویندہ، نمایندہ، آزمایش، نمایش، آلایش، آرایش، آسایش وغیرہ۔

۱۹۔ چلنے، چھوڑنے اور پار کردینے کے معانی میں گزاردن، گذشتن اور گذاشتن کو اور ان سے بننے والے لفظوں کو ''ذ'' سے لکھا جائے گا، جیسے: گذشتہ، شر گذشت، رہ گذر، گذر گاہ، درگذر، پذیرائی، رفت گذشت، واگذاشت وغیرہ۔

۲۰۔ ادا کرنے پیش کرنے اور شرح کرنے کے معانی میں گزاردن مصدر اور اس سے بننے والے الفاظ ''ز'' سے لکھے جائیں گے، جیسے:

نماز گزار، تہجد گزار، خدمت گزار، شکر گزار، عرضی گزار، گزارش (اگر اسے ''گذارش لکھیں گے تو یہ ''گذاشتن'' سے مشتق قرار پائے گا اور اس کے معنی ہوں گے: چھوڑنا)۔

۲۱۔ پذیرفتن (قبول کرنا) سے پذیرائی، دل پذیر، اثر پذیر، صحیح ہے۔

۲۲۔ گزیدن (پسند کرنا، قبول کرنا) اور گزیدن (کاٹنا' ڈنگ مارنا) سے بننے والے لفظ ''ز'' سے صحیح ہیں:

جاگزیں، خلوت گزیں، برگزیدہ، مردم گزیدہ، مارگزیدہ وغیرہ

۲۳۔ گزرنا، گزارنا اردو کے مصدر ہیں۔ان سے بننے والے لفظ ''ز'' سے لکھے جائیں گے، مثلاً:

گزرا، گزرا ہوں، گزر جانا، گزارا (شکر خدا کہ گزارا ہو رہا ہے)، گزر بسر، گزار لینا، گزار دینا، وغیرہ۔

خیال رہے کہ اردو، ہندی اور انگریزی کے الفاظ اور انگریزی کے الفاظ میں ہمیشہ ''ز'' لکھی جائے گی۔

۲۴۔ بعض الفاظ کے املا میں احتیاط کھنا ضروری ہے، مثلاً:

غلط	صحیح	غلط	صحیح
پرواہ	پروا	موقعہ	موقع
لاپرواہی	لاپروائی	عقاید	عقائد
سینکڑوں	سیکڑوں	ادائیگی	ادائی، ادائگی

۲۵۔ بعض الفاظ کے املا کا تعین، ان کے معانی کے اعتبار سے ہوتا ہے، مثلاً:

گلا/گلہ (شکایت)، بیضا (سفید، روشن) بیضہ (انڈا)، نالا (ندی) نالہ (فریاد)، ذرہ (چھوٹا ٹکڑا) ذرا (تھوڑا، قلیل)، مسل (فائل)/مثل، لالہ (گل لالہ) لالا (لقب)، زہرا (حضرت فاطمہؓ کا لقب)، زہرہ (ایک ستارہ)، زَہرہ (پتا، دلیری، ہمت) دانہ (بیج، دانہ گندم)، دانا (عقل مند)، آسیا (چکی)، آسیہ (فرعون کی بی بی کا نام)، پارہ (ٹکڑا، حصہ)، پارا (سیماب)، خاصہ (یہ عربی لفظ ہے معنی: طبیعت، عادت، خاصیت)، خاصہ: وہ نفیس چیز جو بادشاہوں اور امراو وزرا کے لائق ہو۔ شاہی دسترخوان کا کھانا، ایک قسم کا سفید کپڑا..... ان سب معنوں میں یہ فارسی لفظ ہے۔ خاصا (بہ معنی = اضافہ، جیسے: اچھا خاصا)، سنہ (بمعنی سال) سن (عمر)، آزر (حضرت ابراہیمؑ کے والد/ چچا) آذر (آگ۔ آذر کدہ = آتش کدہ) بتانِ آزری اور آزرِ بت تراش.... صحیح ہے۔

لفظ ''ہندوستان'': عام طور پر واؤ کے بغیر پڑھا جاتا ہے لہٰذا اس طرح لکھا جائے تو بہتر ہے یعنی: ''ہندستان'' البتہ کسی شعر میں حسب ضرورت ''وٗ'' کے ساتھ ''ہندوستان'' لکھا اور پڑھا جائے گا۔

۲۶۔ بعض انگریزی الفاظ کا املا اس طرح صحیح ہوگا: بنک نہ کہ: بینک، بائبل نہ کہ: بائیبل، انجنیر نہ کہ: انجینیر وغیرہ۔

۲۷۔ اردو کتابوں، رسالوں اور عبارتوں میں ہند سے بھی اردو میں لکھنا مناسب اور انگریزی میں لکھنا غلط ہوگا، جیسے:

۷،۱۳۶،۶۱۵..... نہ کہ: 7،136،615

۲۸۔ بعض انگریزی الفاظ، اب اردو کے الفاظ بن چکے ہیں۔ ان کی جمع اردو (نہ کہ انگریزی) قاعدے کے مطابق بنائی اور لکھی جائے گی، مثلاً: اسکول/ اسکولوں نہ کہ اسکولز، یونی ورسٹی/ یونی ورسٹیوں نہ کہ یونی ورسٹیز.... کالج/ کالجوں نہ کہ کالجز.... چیلنج/ چیلنجوں نہ کہ چیلنجز.... پروگرام/ پروگراموں نہ کہ پروگرامز

خیال رہے کہ اسکول، کالج، پروگرام، اسپتال، وغیرہ واحد ہیں، مگر اردو میں جمع کے معنوں میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔